Series SHC/1

Code No. **258/1**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book

- Please check that this question paper contains **6** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **30** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**

HOME SCIENCE (Theory)

ہوم سائنس (تھیوری)

(Urdu Version)

Time allowed : 3 hours] *[Maximum Marks : 70*

مقررہ وقت: 3 گھنٹے کُل نمبر: 70

عام ہدایات:

(i) سب سوال لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کے نمبر اُس کے مُقابل درج ہیں۔

(iii) ہر سوال غور سے پڑھئے اور موضوع سے مُتعلّق جواب دیجئے۔

(iv) سوال کے سب حِصّوں کا جواب ایک ساتھ لکھئے۔

(P.T.O)

۱۔ قُدرتی اور حاصِل کی ہوئی امیونٹی (بیماریوں سے چھٹکارہ) کی تعریف بیان کیجئے۔ ۱

2۔ انٹی گریٹڈ چائیلڈ ڈولپمنٹ سروس اِسکیم (آئی۔سی۔ڈی۔ایس) سے کوئی دو۲ فائدہ اُٹھانے والے (beneficiaries) بتایئے۔ ۱

3۔ ولڈ ہیلتھ اورگنائیزیشن (World Health Organisation) کے ذریعے دیئے گئے زندگی کی حفاظت کرنے والے گھول (جیون رکشک گھول) (او۔آر۔ایس) میں پائی جانے والی دو۲ خاص چیزیں بتایئے۔ ۱

4۔ بچّے کی دیکھ ریکھ (دیکھ بھال) کرنے والے شخص کی دو۲ خوبیاں بیان کیجئے۔ ۱

5۔ ایک سفید سُوتی قمیض پر سے چائے کا دھبّہ آپ کیسے چھڑائیں گے۔ ۱

6۔ آپ نے اپنے پڑوس کی مِٹھائی کی دُکان سے برفی خریدی جو دیکھنے میں چمکدار ہری ہے۔ ایسی مِٹھائی کھانے سے پیدا ہونے والا ایک مسئلہ کیا ہوسکتا ہے اور اِس کی وجہ بھی بتایئے؟ ۱

7 اپنے گھر پر روزانہ ہونے والے خرچ کا رکارڈ رکھنے کے دو۲ فائدے بتایئے۔ ۱

8- اپنی سہیلی کو ایک بجلی کی اِستری (پریس) خریدتے وقت دھیان رکھنے والی دو ضروری باتیں بتایئے۔ 1

9- والدین کے کام پر چلے جانے کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنے میں رشتے داروں اور پڑوسیوں کا رول بتایئے۔ 2

10- چکنائی اور تیل میں عام طور پر کن دو چیزوں کی مِلاوٹ کی جاتی ہے؟ اِن مِلاوٹی چیزوں کی جانچ آپ کِس طرح کر سکتے ہیں۔ 2

11- لباس میں مختلف رنگوں کے اِستعمال سے جسم کی بناوٹ کی خرابیوں کو کِس طرح چھپایا جا سکتا ہے۔ چار تجاویز پیش کیجیے۔ 2

12 لباس بنانے کے لئے ریشمی کپڑے (سِلک) کے اِستعمال کے چار فائدے بتایئے۔ 2

13- بچے کی ترقی (بچے کی نشو ونما) کے بارے میں واقفیت ہونے کی وجہ سے آپ کو کون کون سے چار روزگار حاصل ہو سکتے ہیں۔ بتایئے۔ 2

14- کپڑے دھونے کے لئے ایک اچھے ڈی ٹرجینٹ (detergent) کی کوئی بھی چار خوبیاں بتایئے۔ 2

15۔ ایک دو سال کے بچے میں ہونے والی ادراکی ترقی (cognitive development) کی چار خوبیاں بتائیے۔ 2

16۔ آپ نے بازار سے جو مٹھائی خریدی اُسے حلوائی نے ڈبے کے ساتھ ہی تول دیا۔ اِس سلسلے میں ایک صارف کی حیثیت سے آپ کی کیا دو ذمّہ داریاں ہوں گی اور کیوں؟ 2

17۔ محفوظ پینے کے پانی کی تین خصوصیات بتائیے اور پینے کے پانی کو محفوظ بنانے کے لئے اُسے چھاننے کا طریقہ اِستعمال کرنے کی تائید میں تین اسباب بیان کیجئے۔ 3

18۔ بچوں کی زندگی کے پہلے سال میں ہونے والی سماجی ترقی کی کوئی چھ خوبیاں بتائیے۔ 3

19۔ بچت کے کوئی چھ فائدے بتائیے۔ 3

20۔ ایک اچھی سِلی سِلائی قمیض خریدتے وقت آپ کون سی چھ باتوں کا خیال رکھیں گے؟ 3

21۔ ایک بخار کے مریض کے لئے ایک عام خوراک میں کس طرح کی تبدیلیوں کی ضرورت ہوتی ہے اور کیوں؟ 3

22- رادھا ایک اچار کی بوتل خریدنا چاہتی ہے۔ اُسے بتائیے کہ ایک اچھے اچار کی بوتل خریدنے کے لئے اسے بوتل کے لیبل (label) پر کیا کیا معلومات دیکھنی چاہیئے۔ 3

23- ارجن ایک چھوٹا بچہ ہے۔ جو تیز بخار، گلے میں درد اور گردن کے آس پاس سوجن کی بیماری میں مبتلا ہے۔ اسے سانس لینے اور نگلنے میں بھی دشواری ہو رہی ہے۔ وہ جس بیماری میں مبتلا ہے۔ اُسے پہچانئے اور اس کی دیکھ بھال کے چار طریقوں کا مشورہ بھی دیجئے۔ 3

24- رجنی کے گھر والوں کو بہت جلدی جلدی کھانے کی چیزوں سے انفیکشن (food-borne infections) ہو جاتے ہیں۔ ان بیماریوں سے بچنے کے لئے کھانا پکاتے اور کھانا دیتے وقت آپ اُسے کون سی صفائی کے اصولوں کی تاکید کریں گی؟ 3

25- امت، اپنا سرمایہ اِس طرح لگانا چاہتا ہے۔ جس سے اُسے انکم ٹیکس میں چھوٹ بھی مل سکے۔ اُسے ایسے تین سرمایہ لگانے کے صحیح طریقوں کا مشورہ دیجئے اور ہر ایک طریقہ سے ہونے والا ایک ایک اور دوسرا فائدہ بھی بتائیے۔ 3

26- رما، اپنے سوتی کپڑوں کو گرمی آنے تک حفاظت سے رکھنا چاہتی ہے۔ ایسا کرتے وقت اُسے کون سی چھ احتیاطی تدابیر برتنی چاہیئے۔ 3

27 - ایک نو بالغ لڑکی کے لئے کھانے کی پلاننگ کرتے وقت کون سی چار باتوں کا دھیان رکھنا چاہیے؟ اُنہیں اسباب کے ساتھ بیان کیجئے۔ 4

28 - خاندان کی آمدنی کے مختلف ترکیبی اجزاء کو مناسب مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ 4

29 - ایک تین سال کی لڑکی کی ماں کو اپنی بیٹی کے لئے کپڑوں کا اِنتخاب کرنے کے لئے آپ جو چار مشورے دیں گے۔ اُنہیں اسباب کے ساتھ بیان کیجئے۔ 4

30 - ایک اِسکول میں کان سے اونچا سننے والے (بہرے) بچّوں کو صحت مند بچّوں کے ساتھ پڑھانے کے لئے کون سے چار خاص اِنتظامات کی ضرورت ہوگی۔ اسباب دے کر سمجھائیے۔ 4